ڈاکٹر کمرے سے باہر آتا ہے اور کیشور صاحب سے کہتا ہے جو سامنے کرسی پر بیٹھے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اپنا ذہنی توازن نہ کھوئیں"

ڈاکٹر کے کہنے پر کیشور صاحب کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

****

حال

بج چکے تھے۔ تقریب کا آغاز ہونے کو تھا۔ گھر سجا تھا۔ مہمانوں کی رونق تھی۔ مگر چہروں پر خوشی کے 12 بجائے غم تھا اداسی تھا رنجشیں تھیں آنسو تھے۔۔

ہاں کیک کاٹنے کے لیے اکیلا ارگن تھا اس کے پاس لڑنے کے لیے کوئی نہ تھا۔۔کیک پر صرف اسی کا نام تھا جو نہی اس نے چھری کیک پر چلائی وہ نڈھال ہو کر گر گیا۔۔

☆☆☆☆☆

"اسے بہت گہرا صدمہ لگا ہے۔۔۔"

ڈاکٹر کمرے سے باہر آتا ہے اور کیشور صاحب سے کہتا ہے جو سامنے کرسی پر بیٹھے تھے۔

"ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اپنا ذہنی توازن نہ کھوئیں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر کے کہنے پر کیشور صاحب کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ماضی

ارگن سردی سے کپکپاتا ہوا بستر پر لیٹا تھا زرطاشہ نے اس پر دو کمبل سے کر اسے ڈھانپا تھا تاکہ اسے سردی سے بچائے اسے بہت تیز بخار تھا اور اسی وجہ سے وہ سردی سے ٹھٹھر رہا تھا۔

سامنے کرسی پر 16 سالہ افگن بیٹھا تھا وہ ارگن کو تک رہا تھا۔۔

"امی ارگن کو کتنی تکلیف ہو رہی ہے"

آنکھوں میں پانی بھرا ہوا تھا جب افگن نے زرطاشہ سے کہا

"ارگن کیا میں تمہارا سر دباؤں"

افگن اس کے قریب آیا اور اس کا سر دبانے لگا تو ارگن چلایا

"تتت ٹھ ٹھنڈے ہاتھ"

"مم مجھے معاف کرنا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

افگن نے ہاتھ پیچھے کیے اور ہیٹر پر جا کر گرم کرنے لگا

تھوڑی دیر بعد وہ آ کر ارگن کا سر دبانے لگا کیونکہ اب اس کے ہاتھ گرم ہو گئے تھے۔۔ارگن کو سکون ملنے لگا اور اسکی کپکپاہٹ میں کمی آنے لگی

☆☆☆☆☆

حال

زرطاشہ بستر پر بے سدھ پڑے ارگن کے سامنے بیٹھی تھی۔

"ان کو ہوش آ گیا ہے ابھی گہری نیند میں ہیں۔"

ڈاکٹر کی آواز اس کے کانوں میں آئی

"دیکھو کیسے سو یا ہے جیسے افگن اس کا سر دبا رہا ہو"

زرطاشہ نے دل میں سوچا

اور ٹشو سے اپنے آنسو صاف کرنے لگی۔

☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماضی

"دیکھو افگن آج بہت سردی ہے۔ارگن کو بھی بخار ہے تم آج سکول نہ جاؤ"

زرطاشہ نے افگن سے کہا جو ارگن کو سکول جانے کے لیے خداحافظ کہنے آیا تھا۔۔

"امی اگزام ہونے والے ہیں اور آپ کو پتا ہے نا آپ کے افگن نے اس بار پھر سے ٹاپ کرنا ہے"

تو زرطاشہ نے افگن کا بوسہ لیا۔۔

ارگن بخار کی تپش کی وجہ سے صرف ذرا سا اان کو دیکھ پایا تھا وہ بستر پر لیٹا تھا

"لیکن میرے لال مجھے جانے کیوں کچھ عجیب سا ہو رہا ہے"

زرطاشہ نے اسے سینے سے لگایا

"امی کیوں اتنا ڈر رہی ہیں بابا کار میں چھور کر آئیں گے اور واپس بھی لے کر آئیں گے"

ارگن نے جواب دیا

"تم پلیز چھٹی کر لو آج"

زرطاشہ نے دوبارہ افگن کو سینے سے لگایا اور ماتھا چوم کے رخصت کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

☆☆☆☆☆

حال

افگن کی تصویر ہاتھ میں تھامے زرطاشہ کرسی پر بیٹھی رو رہی تھیں۔۔

" میرے لال"

انہوں نے اس کی پیشانای چومی۔

میرے دل میں تم آج بھی زندہ ہو اور ہمیشہ رہو گے اور کیوں نہ ہو گے "

"کیونکہ تم شہید ہوئے ہو۔۔اور مجھے فخر ہے میں ایک شہید کی ماں ہوں

انہوں نے اپنے آنسو صاف کیے۔۔

جب یہ خیال آتا ہے نا کہ میرا بچہ شہید ہوا ہے تو میرے آنسو رک جاتے ہیں مگر جو نہی تمہاری محبت دل" میں آتی ہے تو یہ آنسو پھر سے نکلنے لگتے ہیں۔۔

☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماضی

"چلو بھئی افگن آجاؤ کھیلیں"

ہریرہ نے افگن سے کہا جو فری لیکچر میں کلاس میں بیٹھا کتاب پڑھ رہا تھا۔۔

"بس دو منٹ"

افگن نے کہا

"کب سے رٹ لگا رہے ہو دو منٹ؟"

ہریرہ نے غصے سے کہا

"ناول ہی تو پڑھ رہے ہو بعد میں پڑھ لینا"

ہریرہ غصے سے کہتا ہوا چلا گیا مگر افگن وہیں کلاس میں بیٹھا ناول پڑھ رہا تھا

☆☆☆☆☆

حال

ارگن کو ہوش آگیا تھا اور زرطاشہ بار بار روتے ہوئے اس کی پیشانی چومے جا رہی تھی۔ پاگلوں کی طرح۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج مجھ سے میرا افگن چھن گیا تھا۔۔آج"

میں تمہیں نہیں کھو سکتی بیٹا۔

"اپنی ماما کو کبھی مت چھوڑنا

اس طرح بکھری زرطاشہ کو نرسوں نے پیچھے کرنے کی کوشش کی

"ان کی حالت خراب ہو جائے گی"

ایک نرس نے زرطاشہ سے کہا مگر وہ پیچھے نہ ہٹی۔

اس پر کیشور صاحب کو اندر آنا پڑا اور وہ بہلا کر زرطاشہ کو باہر لائے

☆☆☆☆☆

ماضی

اب مطلع صاف ہو چکا تھا اور بادل چھٹ گئے تھے اور سورج کی تپش پڑھنے لگی ویسے بھی دوپہر ہو چکی تھی اور دوپہر کو دھوپ اوج پر ہوتی ہے لیکن اس دھوپ میں بہت شدت تھی جسموں سے گزرتی تو ایسا لگتا جیسے تیز دھار چاقو ہو۔کچھ نقاب پوش بندوقیں اور دیگر اسلحہ اٹھائے اے پی ایس سکول کے دروازے پر آئے سکول اپنی ہی دھن میں مگن تھا جب ان نقاب پوشوں نے آکر سیکیورٹی پر تعینات فوجیوں سے بحث و

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مباحثہ شروع کر دیا۔ طلباء کلاسوں میں پڑھ رہے تھے جن کا من نہیں تھا وہ گراؤنڈ میں کھیل رہے تھے۔اساتذہ بھی طلباء کو پڑھا رہے تھے کہ ایک دم سے وہ نقاب پوش ان سیکیوڑٹی پر تعینات فوجیوں سے گتھم گتھا ہو گئے کچھ فوجیوں سے چھپ کر اندر آ گئے۔۔اور دو فوجیوں سے لڑنے لگے ایک نے فائر کیا اور وہ گولی فوجی کے سینے میں لگی اور وہ اس دنیا سے کوچ کر گیا لاش زمین پر گری۔۔جوش سے بھرے دوسرے فوجی نے اپنی رائفل کو نشانے پر لگایا مگر کسی نے پیچھے سے اس کے سر میں بھی ڈنڈا دے مارا وہ زمین پر ڈھیر ہو گیا۔

گیند دور گری تھی جسے فرحان اٹھانے گیا تھا مگر سامنے سے آتے اس بے رحم انسان نے فرحان پر نشانہ لگا کر اپنی بے رحمی کا ثبوت دیا اور فرحان نے آہ بھری اور اس دنیا کو خیر باد کہہ کر چلا گیا گراؤنڈ میں موجود دوسرے لڑکے اندھا دھند بھاگے۔

ہریرہ کے تعاقب میں وہ نقاب پوش اسے ڈھونڈ رہا تھا مگر ہریرہ دیوار کے پیچھے چھپ گیا۔۔جب کافی دیر اسے ہریرہ نہ ملا تو وہ دوسری طرف آ گیا جہاں گراؤنڈ میں موجود لڑکے دیوار پھلانگ رہے تھے۔۔

"نوازش مجھے ہاتھ دو"

خبیر اللہ نے نوازش سے کہا جس سے دیوار نہیں چڑھے جا رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جونہی نوازش نے ہاتھ اوپر کیا خبیر اللہ نے اسکا چہرہ دیکھا جو درد سے کراہ رہا تھا ایک دم سے نوازش نیچے گر گیا اس کے پیر پر گولی لگی تھی۔۔

"نوازش"

خبیر اللہ چلایا اور واپس آنے لگا

"میری فکر مت کرو خبیر بھاگو"

روتے ہوئے نوازش نے کہا

"نہیں نوازش"

نوازش خبیر کے پاس آگیا تھا مگر اسے نہیں پتا تھا ایک حیوان اس کے پیچھے سے اسپر وار کر دے گا اور اسے نہ ختم ہونے والی نیند دے دے گا۔۔اور ایسا ہی ہوا نوازش کو بچانے کی آڑ میں خبیر اپنی بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔

☆☆☆☆☆

لان میں ارگن اور زر طاشہ بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے

"امی آپ کھا کیوں نہیں رہیں؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرطاشہ ایک دم سے بے سدھ بیٹھیں تھیں۔ جبکہ ارگن کھارہا تھا

"امی پہلے ہی آج ناشتے کو اتنی دیر ہو گئی اور آپ کھا بھی نہیں رہیں"

"جانے کیوں میرا جی بہت گھبرا رہا ہے۔۔ایسا لگتا ہے کچھ ہونے والا ہے کچھ بہت برا"

زرطاشہ نے بوجھے دل سے کہا

"امی چھوڑیں بھئی۔۔"

اور کھانا کھائیں ارگن نے سلائس کا ایک پیس زرطاشہ کو دیا اور کھانے لگا

☆☆☆☆☆

پچھلے دروازے سے کچھ نقاب پوش راہداری میں آ گئے۔۔اور کلاسوں کو حراست میں لے لیا۔۔اساتذہ پڑھانا چھوڑ گئے ان ک چہروں پر بھی خوف تھا۔۔آتے ساتھ ہی ان نقاط پوشوں نے گولیاں برسانی شروع کر دیں وہ اندھادھند گولیاں برسا رہے تھے اور سامنے آنے والے ہر فرد کو اپنی گولیوں کا نشانہ بنا رہے تھے۔اور وہ معصوم پھول مرجھائے جا رہے تھے۔

یہ نرسری کلاس کا کمرہ تھا جہاں تھوڑی دیر پہلے معصوم بچے اپنی میٹھی آوازوں س اپنا سبق پڑھ رہے تھے وہاں اب کمرہ مکمل خون سے بھرا تھا اور اس کے علاوہ جگہ جگہ ان معصوم بچوں کی لاشیں تھیں اور اس ک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

علاوہ کچھ کتابیں تھیں جو اخون سے اس قدر بھر گئیں تھیں کہ پہچاننا مشکل تھا کہ کتابیں کونسی ہیں اور معصوموں کے خون کے لو تھڑے کونسے ہیں۔ان کے جسموں پر جوان کے یونیفارم تھے ناوہ سفید رنگ کے یونیفارم اب سرخ رنگ میں پوری طرح بھیگ گئے تھے۔جو ذرا سی بھی ڈانٹ پر رونے لگ جاتے تھے اور امی ابو کی ذرا سی بھی ڈانٹ برداشت نہ کر پاتے تھے وہ آج گولیاں کھا کر ساکت پڑے تھے۔وہ رو بھی نہیں رہے تھے۔۔شاید اللہ سے شکوہ کر رہے ہوں گے یا پھر اس تکلیف بھری دنیا کے درندوں سے نجات پانے کا جشن منا رہے ہوں گے

☆☆☆☆☆

سلائس منہ میں ڈالتے ہوئے زرطاشہ کے ہاتھ ایکدم رک گئے اسے الٹی آگئی۔

کک کیا ہوا امی "ارگن نے پانی کا گلاس زرطاشہ کو پلایا۔۔"

زرطاشہ اٹھ کر باتھ روم کی طرف چلی گئی

☆☆☆☆☆

وہ ظالم نقاب پوش جہاں سے گزرتے معصوم بچوں کے خون کی ندیاں بہاتے ہوئے گزرتے۔دسویں کلاس کے طلبہ تھوڑے سمجھدار ہوتے ہیں ان کا لیکچر فری تھا۔۔باہر اس شور کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے کچھ طلبہ بنچوں میں چھپ گئے اور کچھ بیگوں کے نیچے سے۔۔مگر وہ ظالم نقاب پوش کسی کو زندہ چھوڑنے نہیں آئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھے انہوں نے اس کلاس میں بھی آکر وہ ہولی کھیلی کہ جگہ جگہ بنچوں کے نیچے سے چیخنے کی ایسی آوازیں آئیں کہ آسمان چیخ اٹھا ہوگا۔افگن اپنے بیگ کے پیچھے چھپا تھا اور اس کا ناول اس ک ہاتھ میں تھا۔۔

وہ درود شریف اور کلمہ کا ورد کر رہا تھا کہ ایک نقاب پوش نے پیچھے سے اسے دبوچ لیا۔۔

"ہاں بھئی کہاں چھپتا پھرتا ہے"

اس نقاب پوش نے افگن کو گھسیٹا۔

☆☆☆☆☆

زرطاشہ کو لگا جیسے اس کا دل پھٹ جائے گا وہ دھرم سے زمین پر گری۔

امی "ارگن نے بڑھ کے زرطاشہ کو تھاما"

"کک کیا ہوا؟"

ارگن نے زرطاشہ کو کرسی پر بیٹھایا

آہ "زرطاشہ کے سینے میں شدید درد ہونے لگا"

"ارگن پپ پانی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارگن پانی لینے چلا گیا۔

☆☆☆☆☆

"مم مجھے چھوڑ دیں پلیز"

افگن چلانے لگا

" کیوں چھوڑ دیں تجھے؟"

اس نقاب پوش نے کہا

"تو کیا میرے مامے کا پتر ہے؟"

نقاب پوش نے افگن کے سر پر تھپڑ مارا۔۔

ایک اور نقاب پوش آتا ہے

"اسے ایسے نہیں مارنا اسے تھوڑی بری موت دیتے ہیں"

آنے والے نقاب پوش نے کہا

"یہ تھوڑا ممی ڈیڈی بچہ لگتا ہے استاد"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے والے نے کہا

"مم مجھ چھوڑ دو"

افگن نے ڈرتے ہوئے کہا۔

ارد گرد لاشوں اور خون کے سوا کچھ نہ تھا۔

افگن نے اس نقاب پوش کے ہاتھ پر کاٹا اور خود کو چھڑوا کے بھاگا۔

☆☆☆☆☆

"یہ لیں صاحب پانی"

نوکر کیشور کے کمرے میں پانی لے کر آیا

" اچھا تم جاؤ"

کیشور ن گلاس پکڑتے ہوئے کہا اور نوکر آفس کے کمرے سے باہر نکلنے لگا

اگلا لمحہ چکرا دینے والا تھا گلاس کیشور کے ہاتھ سے فرش پر تھا

☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پکڑو اسے

وہ دونوں نقاب پوش اس کے پیچھے بھاگے۔

افگن کی کتاب اس کے ہاتھ سے گری اور نیچے بنچ کے نیچے چھپے صبغت کو لگی

آہ"کی آواز پر وہ نقاب پوش اس آواز کی طرف گئے اور صبغت کو پکڑ لیا"

موقع غنیمت جان کر افگن بھی بھاگا مگر کہاں تک بھاگتا سامنے دروازے سے ایک اور نقاب پوش آیا اور افگن کو پکڑ لیا۔

☆☆☆☆☆

"کیا ہوا صاب"

"وہ نوکر واپس مڑا اور کیشور صاب کرسی سے نیچے گرنے لگے تھے"چچ چکر سا آیا

"ڈاکٹر کو بلاؤں"

نوکر نے کہا

"نہیں مجھے ریسٹ روم تک چھوڑ دو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mere Hum janam Mjhe Na Dhoondna| By Salman (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کیشور صاحب اس کے سہارے چلنے لگے۔

☆☆☆☆☆

افگن کو منہ سے دبوچتے ہوا وہ شخص افگن کو اندر لے آیا

" بہت چالاک بنتے ہیں یہ دونوں"

ایک نقاب پوش نے کہا

"ان کو بھی چالاک طریقے سے ہی موت دیتے ہیں"

ایک اور نقاب پوش نے کہا اور پھر انہوں نے ان دونوں کے ہاتھ پیر باندھ دیے۔

☆☆☆☆☆

"ارگن آکر میرے گلے سے لگ جاؤ"

زرطاشہ نے ارگن سے کہا۔

"کچھ ہو رہا ہے کچھ بہت برا"

زرطاشہ پاگلوں کی طرح کہہ رہی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mere Hum janam Mjhe Na Dhoondna| By Salman (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

☆☆☆☆☆

ان نقاب پوشوں نے افگن اور صبغت کو پنکھے سے لٹکا دیا ایک پنکھے سے افگن کو دوسرے سے صبغت کو۔دونوں ہاتھ پھیلا کر معافی مانگ رہے تھے۔

"استاد پنکھے ٹوٹ نہ جائیں"

ایک نقاب پوش نے کہا

"ہم ان کو ٹوٹنے کا موقع ہی نہیں دیں گے"

اس کے بعد تینوں کمرے سے باہر گئے اور باہر جا کر انہوں نے پنکھے چلا دیے اور اندھا دھند فائرنگ کرنے لگے۔

☆☆☆☆☆

ایک دم مس کیشور کے سینے میں درد ہوا۔

اور وہ زمین پر گر گئے۔۔

آفس کے ارد گرد کے کیبن والے ان کے کیبن آ گئے

☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرطاشہ ہچکولا کھا کے پیچ گر گئی

☆☆☆☆☆

پنکھے سے خون کی بارش ہو رہی تھی دیواریں لال ہو گئیں تھیں یہاں تک کہ بلیک بورڈ بھی سرخ ہو گیا تھا جیسے کسی نے لال روشنائی مل دی ہو۔یہ خون تھا جو پنکھوں کے ساتھ بندھے ہوئے افگن اور صبغت کا تھا۔۔

☆☆☆☆☆

حال

بے ہوش وجود تڑپ رہا تھا اور اس میں سے آوزیں آ رہی تھیں

"افگن افگن"

ڈاکٹر اور نرس اندر کی طرف بھاگنے لگے

ڈاکٹر ارگن کو کیا ہوا ہے؟"کیشور صاحب نے پوچھا"

"یہ بہت زیادہ ڈیپرس ہیں"

ڈاکٹر نے بتایا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کیشور صاحب اپنی حالت کے بارے میں سوچنے لگے کہ جب جوان بیٹے کی موت کا ان کو علم ہوا تھا تو ان پر کیا بیتی تھی۔

☆☆☆☆☆

ماضی

امی میں ٹی وی چلاتا ہوں آپ اپنا دل بہلائیں آپ کی ایسی حالت دیکھ کر میرا جی گبھرا رہا ہے" ارگن نے ریموٹ سے ٹی وی اون کیا

"میں پاپا کو فون کرتا ہوں"

"پاپا سے کہو افگن کو لے آئیں"

"جی کہتا ہوں"

اتنے میں باہر سے کیشور صاحب آتے ہیں

ہم آپ کو بتا رہے ہیں کہ اے پی ایس سکول میں دہشت گردوں نے حملہ کر دیا۔۔یہ کچھ پکچرز ہیں زیادہ"

"کلئر نہیں ابھی تک سکول میں پانچ سو کے قریب طلباء شہید ہو چکے ہیں

زرطاشہ کے چہرے کے رنگ اڑ رہے تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پی یہ جھوٹ بول رہے ہیں نا۔۔"

"افگن گھر آگیا ہے نا

زرطاشہ کیشور سے کہتی ہیں

تو کیشور صاحب ان کو گلے لگا کر رونے لگتے ہیں

"رو کیوں رہے ہیں بتائیں نا مجھے"

"افگن ہمیں چھوڑ کر چلا گیا ہے"

کیشور اپنے آنسو روک کر کہتے ہیں اور زرطاشہ کو لگتا ہے جیسے آسمان زمین پر گرنے لگا ہے۔۔

لاؤنج میں آتے ارگن کو یہ آواز سنائی دیتی ہے اور اسکے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں وہ ایک جگہ ساکت ہو کر بیٹھ جاتا ہے

زرطاشہ کیشور کو دھکا دیتی ہیں

"کہاں ہے میرا بچہ ؟؟ "

"ل کر آؤ میرے افگن کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر یشورا سے سینے سے لگا لیتے ہیں اور ان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ بھی نہ تھا

اک کالی صبح تھی

دھند ہی دھند تھی

آفتاب بھی فلک میں چھپا ہوا تھا

اوٹ میں بادلوں کی ڈھکا ہوا تھا

کرنیں سبھی روشنی کی مرجھائیں تھی

ہوا نے بھی رفتار اپنی گھٹائی تھی

نہ کوئی چہل پہل نہ رعنائی تھی

پھولوں نے بھی ٹہنیاں اپنی جھکائی تھی

نہ نہ جانا سکول میرے جگر

دل میں اٹھا ہے ہول ہوئی ہے خبر

کہیں برا کچھ تو ہونے لگا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یونہی نہیں فلک ڈھکنے لگا ہے

جانا ہے مجھ کو اماں میری

پڑھنا ہے مجھ کو اماں میری

جاؤں گا تو ہی پڑھوں گا میں

تب ہی بڑا آدمی بنوں گا میں

سینے لگا کے ماتھا چوما کے

نکلا وہ رستے اپنی قضا کے

انجان تھا وہ کیا ہو گا اب

انجام میرا کیا ہو گا اب

ڈرتا ڈرتا وہ سکول گیا پھر

اجل کو اپنی بھول گیا پھر

چونچالیوں میں جب مست تھا زمانہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹوٹا جہاں سے پھر اس کا یارانہ

کچلا گیا وہ روندا گیا تھا

پاؤں تلے گل مسلا گیا تھا

سیاہی خون کی چہرے لگا کے

نکلا وہ رستے اپنے خدا کے

ماں کو رلا کے مجنوں بنا کے

چلا وہ پھول خود کو رندوا کے

باپ کا تو جیسے بازو کٹا

ماں کو تو عمر بھر کا غم ملا

بہت بے رحم اور بے ترس تھے وہ

انسان کے بھیس میں جانور تھے وہ

کہ آہیں سنی اور کان نہ پھٹے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فغائیں سنی اور دل نہ پھٹے

آنکھوں سے اپنی ظلم دیکھتے رہے

ہاتھوں سے اپنے جبر کرتے رہے

ہزاروں گلشنوں کو اجاڑا تھا ان نے

سینکڑوں ماؤں کو تڑپایا تھا ان نے

اس زمانے کے چنگیز تھے وہ

ہلاکو' سٹالین اور تیمور تھے وہ

ظلم سے جن کی لرزی زمیں

روئے زمیں کے سارے مکیں

آسماں بھی بے حد تڑپا

عرش بھی خدا کا بہت لرزا

فرشتوں نے بھی آنسو بہائے ہوں گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کھلتے پھولوں کی جب سنتے آہیں ہوں گے

فلک پر بھی حشر برپا ہو گا

زمیں پر جب قہر برسا ہو گا

خدا نے پھر معصوموں کو پاس اپنے بلایا

قہر کی ریت توڑی سینے لگایا

جنت سے زمیں کو وہ تکتے ہوں گے

اوہ بر ملا لب سے کہتے ہوں گے

ہم تو چلے ہیں گلشن خدا کے

علم کی شمع تم کو تھما کے

بجھنے نہ دینا تم اسے سلگھنے نہ دینا

پروانہ بن کے کٹنا اور کٹنے نہ دینا

ہماری جو آئے یاد تو مضبوط ہونا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خدا کے کیے پر مسرور ہونا

اور ماں میری تم آنسو نہ بہانا

تکلیف دیتا ہے تیرا یہ چلانا

میری کمی پوری میرا بھائی کرے گا

گلشن کو تیرے میرا بھائی بھرے گا

بھائی میرے ابا کی شان ہو تم

اور امی کا مان ہو تم

میرے خوابوں کو تم مکمل کرنا

اک بات کہتا ہوں تحمل کرنا

میری یادوں کو نہ تم پوجنا

میرے ہم جنم مجھے نہ ڈھونڈنا

طالع

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

☆☆☆☆☆

حال

ارگن کی حالت پہلے سے بہتر ہے"ڈاکٹر بتاتے ہیں اور کیشور صاحب اسے جاکر گلے سے لگا لیتے ہیں۔"

زرطاشہ پاس بیٹھی رو رہی تھیں مگر کیونکہ ڈاکٹر نے کہا تھا کہ ارگن کو صدمے سے باہر نکالنے کے لیے اسکا ذہن بدلنا ہے اسلیے ان کو اپنے آنسو پونچھنے پڑتے ہیں۔

شام ہو چکی تھی اب وہ گھر آ چکے تھے۔۔

☆☆☆☆☆

ماضی

افگن کے جسم کی تلاش میں سکول کا کونہ کونہ چھنوایا مگر کچھ نہ ملا ہاں البتہ اس ناول سے پتا چل ضرور گیا کہ افگن اس کلاس میں شہید ہوا اور پھر اس کے یونیفارم میں موجود اشیاء نے اسکی لاش تک پہنچنے میں مدد کی۔وہ پنکھے سے لٹک رہا تھا اور پنکھا زمین پر گرا تھا۔۔ جسم کے اعضاء کٹے تھے جیسے انگلیاں۔پنکھے کی تیز دھار کی وجہ سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکول میں موجود لہوان کے بے رحمانہ قتل کی وضاحت کرتا تھا اور قاتل کے بے رحم ہونے کی بھی۔۔

زرطاشہ کیشور کی حالت تو نازک تھی ہی مگر ارگن کی سب سے نازک تھی

روز رونا ان کا معمول بن چکا تھا۔۔

مگر آہستہ آہستہ سب بھولنے لگے افگن کی قبر وہ روز جاتے اور ارگن تو گھنٹوں وہاں بیٹھا رہتا تھا۔۔

یہاں تک کہ

چار سال گزر جانے کے بعد بھی بھائی کی موت کا صدمہ اس سے برداشت نہیں ہو رہا تھا ویسے اگر افگن زندہ ہوتا تو ارگن کو یہ ضرور کہتا

میرے ہم جنم مجھے نہ ڈھونڈنا"

میری یادوں کو نہ تم پوجنا

کیونکہ افگن سے بھی ارگن کا غم نہیں دیکھا جاتا ہوگا

☆☆☆☆☆

حال

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارگن سکول کے گیٹ کے باہر کھڑا تھا اور نکلنے والے بچوں کو دیکھ رہا تھا وہ ان بچوں کے چہروں پر اپنا اور افگن کا چہرہ تلاش کرتا اور آنسو بہاتا اور ان کی خوشحالی کے لیے دعائیں کرتا۔ روتے میں اسکی ہچکی بندھ گئی تھی اسے اپنے کندھے پر کسی کا ہاتھ محسوس ہوا اس نے مڑ کر دیکھا برقعے میں ملبوس ایک لڑکی تھی۔۔ جس نے نقاب کیا ہوا تھا مگر اس کی آنکھیں دکھ رہی تھیں۔

"اتنا مت رؤ ارگن۔ افگن کو تکلیف ہوتی ہو گی"

نقاب کے نیچے سے آوز آئی۔

ارگن بھی شش و پنج میں مبتلا ہو گیا تھا

"آؤ میرے ساتھ چلو۔ پاس ہی کار کھڑی ہے"

تھوڑی دیر بعد ارگن پہچان ہی گیا۔

منتہیٰ آپ" اس نے آنسو پونچھے"

"ہاں چلو میرے ساتھ گاڑی میں جا کر بات کرتے ہیں"

اور پھر وہ دونوں قریب کھڑی گاڑی کی طرف چلے گئے

☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ارگن آپ کو اتنا نہیں رونا چاہیے۔۔"

منتہیٰ نے ارگن کو ٹشو دیا وہ دونوں گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھے تھے

" دیکھو جانتے ہو نا افگن مجھے بھی کتنا پیارا تھا"

"ہاں جانتا ہوں"

ارگن نے کہا

مجھے افگن کی موت کا غم آپ سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ میرا اور افگن کا ساتھ تو عمر بھر کا تھا ہماری تو منگنی"

"ہو چکی تھی اس کے جانے سے تو میری دنیا اجڑ گئی مگر پھر بہت مشکل سے خود کو سنبھالا تھا میں نے

منتہیٰ ن نقاب ہٹایا تو چاند سا چہرہ نیچے سے نکلا مگر ارگن نے سر جھکا لیا

" ہاں میں جانتا ہوں آپ کی پیدائش پہ ہی خالہ نے افگن کے لیے آپ کا ہاتھ مانگ لیا تھا"

"اور تب سے بنا تعلق میرا اور افگن چار سال پہلے ہمیشہ کے لیے ٹوٹ گیا"

منتہیٰ نے اپنے آنسو صاف کیے

اتنے میں گاڑی کا اگلا دروازہ کھلتا ہے اور ایک چھوٹی بچی اور ڈرائیور آتے ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"السلام علیکم ارگن بھیا"

ننھی افراء آکر سلام کرتی ہے اور منتہیٰ اسے آگے بیٹھنے کو کہتی ہے

"میں افراء کو لینے آئی تھی سکول سے اور وہاں آپ کو دیکھا۔۔آپ گاڑی پر نہیں آئے"

منتہیٰ نے ارگن سے پوچھا

میں اکثر یہاں آجاتا ہوں اپنی یادوں کو تازہ کرنے اور پیدل آتا ہوں تا کہ کسی کو پتا نہ چلے لیکن ماما پاپا کو پتا "ہوتا ہے کہاں گیا ہوں لیکن وہ ناواقفی کا اظہار کرتے ہیں"

ارگن افگن کے بعد میرا بھی کسی کو ملنے کو دل نہیں کرتا میں بھی سارا دن تنہا گزارتی ہوں بس آج ابا "مصروف تھے تو میں توصیف بھیا (ڈرائیور) کے ساتھ افراء کو لینے آگئی۔۔"

ارگن کوئی جوب نہیں دیتا۔

ارگن ایک بات کہوں آ کو دیکھ کر مجھے افگن یاد نہیں آتا حالانکہ ساری دنیا کہتی ہے تم دونوں بالکل ایک "جیسے ہو مگر مجھے نہیں لگتا"

میں کبھی افگن جیسا نہیں ہو سکتا وہ ایک عظیم انسان تھا۔میں اس جیسا کبھی نہیں ہو سکتا"

ارگن کی آنکھ سے آنسو نکلا اور بڑھی ہوئی شیو میں نصب ہو گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

☆☆☆☆☆

ماضی

ارگن افگن اور منتہیٰ باغ میں کھیل رہے تھے

افگن سب کو پکڑ رہا تھا14 15 سال کے بچوں کی یہی عمر ہوتی ہے کھیلنے کی

ارگن بہت تیز بھاگ رہا تھا اور افگن نے جا کر منتہیٰ کو پکڑ لیا

"لو منتہیٰ تم پکڑی گئی"

خالہ نتاشہ بھاگی آئیں اور دونوں کو چوما

"اللہ کرے تم دونوں ایسے ہی ایک دوسرے کا ہاتھ ہمیشہ پکڑی رکھو"

اور افگن اور منتہیٰ ایک دوسرے کو تکنے لگے

☆☆☆☆☆

حال

"لو گھر آ گیا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منتہٰی نے شیشے سے باہر جھانکا

وہ تینوں نیچے اترے اور اندر داخل ہوئے

خالہ نتاشہ دروازے کھلتے ہی ادھر کو آئیں اور ارگن کو دیکھ کر حیران ہو گئ

"مم میرا افگن"

اس نے جا کر ارگن کو سینے سے لگا لیا اور ارگن کی بھی ہچکی بندھ گئ

منتہٰی نے اپن آنسو بچانے کے لیے ناخن چھبانے شروع کر دیے مگر وہ بھی زیادہ دیر اپنے آنسو روک نہ سکی

☆☆☆☆☆

ماضی

"دیکھنا منتہٰی ایک دن میں ڈاکٹر بنوں گا اور پھر سب غریبوں کا فری علاج کروں گا"

افگن اور منتہٰی درخت کے نیچے بیٹھے تھے ارگن پیچھے سے آتا ہے

تت تم ڈاکٹر بنو گے سری چوہی"

"دیکھنا اتنے پڑھو گے تو ایک دن تم مر جاؤ گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارگن نے شرارت سے کہا مگر منتہیٰ کو بہت غصہ آیا

اس نے جاکر ارگن کے منہ پر تھپڑ دے مارا

تم مرو گے سمجھے میرا افگن کبھی نہیں مرے گا"

اور تم کہہ کیا رہے ہو اسے کھلے دماغ سے سوچنا

"افگن کی موت کا صدمہ برداشت کرلو گے

منتہیٰ نے غصے سے کہا مگر افگن نے اسے پیچھے کھینچ لیا کیونکہ اب ارگن بھی اسے تھپڑ مارنے والا تھا۔۔

☆☆☆☆☆

حال

گھر مہمان آئے تھے ارگن لان میں بیٹھا آنسو بہا رہا تھا۔۔

آج ارگن کی منگنی تھی اور وہ بھی منتہیٰ سے

آج افگن کی منتہیٰ ارگن کی ہونے جا رہی تھی۔۔

کیونکہ دونوں اکیلے زندگی نہیں گزار سکتے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"افگن مجھے معاف کر دو گے نا۔۔ معاف کر دو گے نا"

مگر شاید افگن خود خوش ہو رہا ہو جنت میں کیونکہ وہ اپنی منتہیٰ کو ایک مری ہوئی زندگی کیسے گزارنے دے سکتا تھا

☆☆☆☆☆

ڈاکٹر ارگن میرا خیال ہے آپ خود ہی اپریٹ کریں "ڈاکٹر ہریرہ نے ارگن سے کہا

نہیں ہریرہ آئی ول نوٹ دواٹ "مجھے ایک کام ہے"

اس کے بعد ارگن چلا جاتا ہے

وہ قبرستان میں بنی افگن کی قبر پر جاتا ہے

افگن آج میں پاپا بننے جا رہا ہوں افگن تمہیں گئے دس سال ہو چکے ہیں"

افگن میں اپنے بے بی کو بھی تم سے ملوانے لاؤں گا۔۔

میں منتہیٰ کو ہمیشہ خوش رکھوں گا۔۔

میں نے تمہاری ہر عادت اپنالی ہے دیکھو ڈاکٹر بھی بن گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اور ڈاکٹر بن کے تمہاری خواہش بھی پوری کر رہا ہوں

ارگن نے افگن کی قبر کو چوما

اتنے میں فون کی گھنٹی بجتی ہے

دوسری طرف سے سنتے ہی اس کی زبان سے نکلتا ہے

"اللہ نے مجھے ایک اور افگن عطا کیا ہے"

☆☆☆☆☆

ارگن اور منتہیٰ سکول کے گیٹ کے سامنے کھڑے آنے والے ہر بچے کو دیکھ رہے تھے وہ کسی کو ڈھونڈ رہے تھے

ایک بچہ ان کی طرف آتا ہے جسے دیکھ کر منتہیٰ کہتی ہے

"افگن ادھر آؤ ماما کے پاس"

پھر شرما کر ارگن کو دیکھتی ہے اور وہ کھلکھلا کر ہنستا ہے

ان کا بیٹا افگن ان کے اپس آتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پاپا سکول میں ایک تصویر لگی ہے ان کی شکل آپ جیسی ہے ان کا نام افگن ہے میرا نام"

ارگن نے اس کا بوسہ لیا اور منتہیٰ کی بطرف دیکھا اور پھر دونوں آسمان کو دیکھنے لگے۔۔

ختم شدا

یکم جنوری سے معصوم زینب پر ناول چڑیا بادِ صبا ہو گی کا یزن 2 آ رہا ہے۔

میرے پیج سے منسلک رہیے اور اس ناول کو پڑھ کر میرے گروپ میں اس کے ریویو پر ایک پوسٹ کرنا

مت بھولیے گا

گروپ کا لنک

https://www.facebook.com/groups/2226356670911822/

اک کالی صبح تھی

دھند ہی دھند تھی

آفتاب بھی فلک میں چھپا ہوا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوٹ میں بادلوں کی ڈھکا ہوا تھا

کرنیں سبھی روشنی کی مرجھائیں تھی

ہوا نے بھی رفتار اپنی گھٹائی تھی

نہ کوئی چہل پہل نہ رعنائی تھی

پھولوں نے بھی ٹہنیاں اپنی جھکائی تھی

نہ نہ جانا سکول میرے جگر

دل میں اٹھا ہے ہول ہوئی ہے خبر

کہیں برا کچھ تو ہونے لگا ہے

یونہی نہیں فلک ڈھکنے لگا ہے

جانا ہے مجھ کو اماں میری

پڑھنا ہے مجھ کو اماں میری

جاؤں گا تو ہی پڑھوں گا میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تب ہی بڑا آدمی بنوں گا میں

سینے لگا کے ماتھا چوما کے

نکلا وہ رستے اپنی قضا کے

انجان تھا وہ کیا ہو گا اب

انجام میرا کیا ہو گا اب

ڈرتا ڈرتا وہ سکول گیا پھر

اجل کو اپنی پھول گیا پھر

چونچالیوں میں جب مست تھا زمانہ

ٹوٹا جہاں سے پھر اس کا یارانہ

کچلا گیا وہ روندا گیا تھا

پاؤں تلے گل مسلا گیا تھا

سیاہی خون کی چہرے لگا کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نکلا وہ رستے اپنے خدا کے

ماں کو رلا کے مجنوں بنا کے

چلا وہ پھول خود کو رندوا کے

باپ کا تو جیسے بازو کٹا

ماں کو تو عمر بھر کا غم ملا

بہت بے رحم اور بے ترس تھے وہ

انسان کے بھیس میں جانور تھے وہ

کہ آہیں سنی اور کان نہ پھٹے

فغائیں سنی اور دل نہ پھٹے

آنکھوں سے اپنی ظلم دیکھتے رہے

ہاتھوں سے اپنے جبر کرتے رہے

ہزاروں گلشنوں کو اجاڑا تھا ان نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سینکڑوں ماؤں کو تڑپایا تھا ان نے

اس زمانے کے چنگیز تھے وہ

ہلاکو' سٹالین اور تیمور تھے وہ

ظلم سے جن کی لرزی زمیں

روئے زمیں کے سارے مکیں

آسماں بھی بے حد تڑپا

عرش بھی خدا کا بہت لرزا

فرشتوں نے بھی آنسو بہائے ہوں گے

کھلتے پھولوں کی جب سنتے آہیں ہوں گے

فلک پر بھی حشر برپا ہو گا

زمیں پر جب قہر برسا ہو گا

خدا نے پھر معصوموں کو پاس اپنے بلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قہر کی ریت توڑی سینے لگایا

جنت سے زمیں کو وہ تکتے ہوں گے

اوہ بر ملالب سے کہتے ہوں گے

ہم تو چلے ہیں گلشن خدا کے

علم کی شمع تم کو تھما کے

بجھنے نہ دینا تم اسے سلگھنے نہ دینا

پروانہ بن کے کٹنا اور کٹنے نہ دینا

ہماری جو آئے یاد تو مضبوط ہونا

خدا کے کیے پر مسرور ہونا

اور ماں میری تم آنسو نہ بہانا

تکلیف دیتا ہے تیرا یہ چلانا

میری کمی پوری میرا بھائی کرے گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گلشن کو تیرے میرا بھائی بھرے گا

بھائی میرے ابا کی شان ہو تم

اور امی کا مان ہو تم

میرے خوابوں کو تم مکمل کرنا

اک بات کہتا ہوں تحمل کرنا

میری یادوں کو نہ تم پوجنا

میرے ہم جنم مجھے نہ ڈھونڈنا

طالع

ختم شد

Crazy Fans Of Novel
Welcome To The Group

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel